© rasailojaraid.com



# تبصرے

**افادات حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ** | ازجناب مولوی صدرالدین صاحب اصلاحی تقطیع خورد ضخامت ۱۴۴ صفحات، کتابت و طباعت بہتر قیمت غیر مجلد عہ مجلد ۸عہ پتہ: امام ولی اللہ اکیڈمی ظفر منزل تاجپورہ لاہور۔

یہ ان چند مضامین کا مجموعہ ہے جو لائق مولف نے حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کی مشہور کتاب حجۃ اللہ البالغہ کے چند ابواب کا خلاصہ کے طور پر ترجمان القرآن میں لکھے تھے۔ اب انھیں مضامین کو کتابی صورت میں یکجا شائع کر دیا گیا ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ کے ارشادات مسلمانوں میں جس قدر بھی پھیلیں اور شائع ہوں بہر حال ان سے فائدہ ہی ہوگا۔ ترجمہ اور تلخیص خاص سلیقہ اور عمدگی سے کیا گیا ہے۔ البتہ کتاب کی لوح پر ڈاکٹر اقبال کی شبیہ کا مقصد سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ کس مناسبت سے ثبت کی گئی ہے اس کتاب کا مطالعہ بھی مفید اور بصیرتِ دینی کا موجب ہوگا۔

**اسلامی فتوحات** | ازجناب محمد حسین صاحب رضوی پھلواری تقطیع خورد ضخامت ۹۰ صفحات طباعت وکتابت عمدہ قیمت ۸ پتہ: مسلم اکاڈمی پھلواری شریف (پٹنہ)

یہ ایک مختصر سا رسالہ ہے جس میں آسان اردو میں عام مسلمانوں اور ابتدائی اور متوسط درجہ کے طلبہ کے لئے اسلامی فتوحات کا بہت اجمالی تذکرہ کیا گیا ہے۔ شروع میں راغب احسن صاحب ایم۔ اے (کلکتہ) کا ایک مقدمہ ہے جس میں انھوں نے غزوۂ بدر پر خاص طور سے بڑے دلچسپ اور موثر انداز میں تبصرہ کیا ہے۔ اجمالی معلومات اور عام واقفیت کے لئے اس رسالہ کا مطالعہ مفید ہوگا۔

**بلقیس** | از صادق الخیری صاحب ایم، اے۔ تقطیع خورد۔ ضخامت ۲۱۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت دو روپے۔ پتہ خاتون کتاب گھر اردو بازار دہلی

صادق الخیری صاحب اس دور کے ایک نوخیز اور کامیاب افسانہ نگار ہیں۔ "بلقیس"



© rasailojaraid.com